Ref: GSPL/PR/26/29/037
Date: 29/06/2026

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

پاکستانی انجینئرز کے بین الاقوامی فروغ کے لیے جامع معاہدے پر دستخط

کراچی: پیشہ ورانہ حفاظت، صحت (OSH)، آگ سے حفاظت اور تیکنیکی کنسلٹنسی کے ادارے گروسیف اور پاکستان انجینئرز فورم کے درمیان ایک 5 سالہ اسٹریٹجک معاہدے پر دستخط ہوگئے ہیں جس کے تحت پاکستان بھر میں انجینئرز کے پیشہ ورانہ فروغ اور تیکنیکی قابلیت بڑھانے کے حوالے سے جامع پلان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔

معاہدے کے مطابق پیشہ ورانہ حفاظت، صحت، اور آگ سے حفاظت کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی انتظام، تیکنیکی قابلیت، قیادت کی صلاحیت، اور سافٹ اسکلز کے حوالے سے مل جل کر کام کیا جائے گا۔

دستخط پاکستان انجینئرز فورم کے جنرل سیکریٹری عمر فاروق میمن اور گروسیف کے جنرل مینیجر پراجیکٹس، عثمان داود باری کے درمیان گروسیف کے کراچی میں واقع ہیڈ آفس میں کیے گئے۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فورم کے نمائندگان نے گروسیف کی جانب سے پاکستان میں افرادی قوت کے فروغ، اور صنعتی حفاظت، تیکنیکی کمال، ریگولیٹری کمپلائنس، اور ملکی صنعتی شعبے میں بین الاقوامی معیارات رائج کرنے کے لیے مسلسل اور وسیع اقدامات کی تعریف کی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر گروسیف، سعد عبدالوہاب نے صنعتی میدان میں مہارت اور مستقل معاشی ترقی کے لیے قابل ماہرین کی فراہمی کو لازمی قرار دیا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ تعلیمی استعداد اور پیشہ ورانہ مہارت میں موجود خلیج پر کرنے کے لیے اداروں اور صنعت کے درمیان تعاون و اشتراک نہایت ضروری ہے۔

یہ معاہدہ جہاں پاکستانی انجینئرز کو بین الاقوامی معیار کی مہارت اور دور جدید کے لیے عملی قابلیت سے لیس کرنے کے متفقہ عزم کا مظہر ہے، وہیں اس سے ملکی صنعتوں مین حفاظت، جدت، اور پیشہ ورانہ کمال کو عروج ملنے کی قوی امید ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe